ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

اسپن بولرز کا اسپیشلائزڈ کیمپ کل سے لاہور میں شروع ہو گا

لاہور 9 جون، 2023:

اسپنرز کے لیے خصوصی کیمپ ہفتے کے روز سے قومی کرکٹ اکیڈمی لاہور میں شروع ہو گا۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کے تحت ہونے والے اس کیمپ میں کھلاڑیوں کو مختلف سیشنز میں سخت ٹریننگ کے ذریعے اپنی مہارت دکھانے اور فٹنس جانچنے کا موقع ملے گا تاکہ وہ چیلنجنگ کنڈیشنز میں ٹریننگ کر کے خود کو سری لنکا کے دورے کے لیے تیار کر سکیں۔

یاد رہے کہ پاکستانی کرکٹ ٹیم آئندہ ماہ ورلڈ ٹیسٹ کرکٹ چیمپئن شپ کے سلسلے میں دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلنے سری لنکا کا دورہ کرے گی۔

پاکستان کرکٹ بورڈ نے فخر زمان اور عابد علی کو کیمپ میں شامل کر لیا ہے جبکہ افتخار احمد اور اسامہ میر کو کیمپ سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا ہے اس کے علاوہ فہیم اشرف بھی پاکستان کرکٹ بورڈ کی اجازت سے فاسٹ بولرز کے کیمپ میں شرکت نہیں کریں گے۔

10 جون۔ اسپن بولرز کے کیمپ کے شیڈول کے مطابق تمام کھلاڑی ایل سی سی اے گراؤنڈ میں صبح دس بجے سے بارہ بجے تک اور پھر ڈھائی بجے سے ساڑھے چار بجے تک ٹریننگ کریں گے۔

میڈیا کو صبح کے سیشن میں کوریج کی اجازت ہو گی۔ پاکستانی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گرانٹ بریڈبرن صبح کے سیشن کے اختتام پر میڈیا سے بات کریں گے۔

11 اور 12 جون۔ تمام کھلاڑی ایل سی سی اے گراؤنڈ میں دوپہر ڈھائی بجے سے ساڑھے چار بجے تک ٹریننگ کریں گے۔

13 جون۔ تمام کھلاڑی ڈھائی بجے سے ساڑھے چار بجے تک ایل سی سی اے گراؤنڈ میں ٹریننگ کریں گے۔ ٹریننگ سیشن سے قبل ایک کھلاڑی میڈیا سے بات کرنے کے لیے دستیاب ہو گا۔

14 اور 15 جون۔ دونوں دن ایل سی سی اے گراؤنڈ میں صبح اور دوپہر کے ٹریننگ سیشنز ہونگے۔ میڈیا دوپہر کے سیشن کی کوریج کر سکتا ہے۔

کیمپ سے متعلق معلومات کے لیے احسن افتخار ناگی (03040557586) سے رابطہ کیا جا سکتا ہے جبکہ میڈیا آپریشنز کے لیے شکیل خان (03018440284) سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

کیمپ میں مدعو کیے گئے اسپنرز یہ ہیں۔ ابرار احمد، علی اسفند، عرفات منہاس، فیصل اکرم، محمد جنید، مہران ممتاز، مبصر خان، نعمان علی، قاسم اکرم، ساجد خان، سفیان مقیم اور زاہد محمود۔

کیمپ میں شامل بیٹرز یہ ہیں۔ عبداللہ شفیق، عابد علی، حارث سہیل، حسیب اللہ، حسین طلعت، امام الحق، کامران غلام، محمد حارث، محمد حریرہ، عمیر بن یوسف، صائم ایوب، سلمان علی آغا، سعود شکیل اور طیب طاہر۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial